کی خطابت وامامت کے ساتھ ساتھ دروس قرآن وحدیث اور ترجمہ قرآن کلاس کا سلسلہ بھی جاری رکھا ہوا تھا ان کی زیر نگرانی جو شعبہ حفظ کام کر رہا ہے اس میں حفظ کے ساتھ ساتھ بچوں کو ترجمہ قرآن بھی پڑھایا جاتا ہے مرحوم نے حادثے والی رات بھی اپنی مسجد میں نماز عشاء کی امامت بھی کرائی اور نماز کے بعد ترجمہ قرآن پڑھایا اور اس کے بعد موٹر سائیکل پر کیلیانوالہ واپس اپنے گھر جا رہے تھے کہ راستے میں موٹر سائیکل پھسل جانے سے سر میں ایسی چوٹ لگی کہ وہ اللہ کو پیارے ہو گئے۔ مرحوم کا انجام بہت اچھا ہوا کہ ان کا آخری عمل نماز عشاء کی امامت اور ترجمہ قرآن پڑھانا تھا۔

ے ایں سعادت بزور بازو نیست تا نہ بخشد خدائے بخشندہ

رئیس الجامعہ نے ان کے بیٹوں (انعام اللہ کیلانی وغیرہ) سے اظہار تعزیت کرتے ہوئے مرحوم کی خدمات کو سراہا اور مرحوم کیلئے بخشش کی دعا کی اور جہلم میں ان کی غائبانہ نماز جنازہ ادا کی گئی

مولانا فاروق اصغر صارم کا سانحہ ارتحال

مورخہ 23 جولائی بروز اتوار جامعہ محمدیہ اہل حدیث گوجرانوالہ کے مدرس، ممتاز عالم دین مولانا فاروق اصغر صارم اچانک ایک حادثہ میں رحلت فرما گئے۔ (انا للہ وانا الیہ راجعون) مرحوم بہت سی خوبیوں کے مالک تھے علم وراثت میں ان کو ملکہ حاصل تھا۔ فقہ المواریث کے علاوہ مرحوم نے کئی کتابیں بھی تالیف کی ہیں۔ مرحوم کی وفات کی خبر جب جامعہ علوم اُثریہ میں پہنچی تو غم وافسوس کی لہر دوڑ گئی اسی رات نماز عشاء کے بعد رئیس الجامعہ نے اساتذہ اور طلبہ کے سامنے مرحوم کی خدمات کو سراہا اور غائبانہ نماز جنازہ پڑھائی۔

چوہدری محمد یاسین ظفر (پرنسپل جامعہ سلفیہ فیصل آباد) کو صدمہ

مورخہ 24 جولائی بروز سوموار پرنسپل جامعہ سلفیہ فیصل آباد چوہدری محمد یاسین ظفر کے والد گرامی وفات پا گئے۔ (انا للہ وانا الیہ راجعون) مرحوم بڑے صابر وشاکر متقی، پرہیز گار اور شب زندہ دار بزرگ تھے ساری زندگی کسی کی غیبت نہیں کی۔ رئیس الجامعہ نے چوہدری محمد یاسین ظفر سے اظہار تعزیت کیا اور مرکزی جامع مسجد چوک اہل حدیث میں مرحوم کی نماز جنازہ پڑھائی۔